PPEPCA

Pakistan Petroleum Exploration & Production Companies Association

12TH ISSUE 2013



# CSR NEWS

JAN.–JUN. 2013

CSR NEWSLETTER IS A PUBLICATION OF PPEPCA

## INSIDE...


| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| PPEPCA |  |  |  |  |  |  |  |
| President Message.<br><br>Editor's Note | Education for All. Playing a pivotal role in spreading education | Sustainable Community Development Initiatives | Technical Training of Local Youth | Improving Maternal Health: Story of Zahida Mallah | Establishing as an integral part of the society | Supporting eco-tourism and environmental protection | POL's Pledge "Clean Water for All" |


**Editorial Board:** **Leader:** Jamil Adil, OMV **Member:** Col. (Retd) Shujaat Muhammad Ghuman, PEL

## Message



Pakistan Petroleum Exploration And Production Companies Association (PPEPCA) is the representative body since May 1995 of twenty four major oil & gas exploration and production (E&P) companies operating in Pakistan. It facilitates E&P companies in expressing their views on industry matters including community development, sharing experiences and chalking out future course of action. It also represents E&P companies at Federal and Provincial levels and works towards harmonizing national and business interests to ensure smooth exploration and production operations throughout the country. Although E&P Industry is technology intensive and mostly remains busy in geological surveys and drilling exploratory and developmental wells, but it never loses sight of the community it operates in. CSR activities by E&P Companies mainly focus on provision of quality education, health facilities and on skill and infrastructure development.

These activities are planned in tandem with local notables and administration. That adds in native ownership of projects contributing toward their long term sustainability. I would like to mention here that exploration and development activities normally take five to seven years before the field starts producing and giving return on investments made to the companies. These investments usually run into billion of rupees and go waste in case of no commercial discovery. Such is the nature of this business and E&P companies need understanding of all stakeholders in this regard. Present edition of CSR Newsletter manifests commitment of E&P Companies towards betterment of the people. E&P Companies will continue to strive for the development of Pakistan by reducing its energy deficit and by addressing direct needs of the people where they operate.

**Raja Irfan Nasr**
President PPEPCA, CSR Committee

## Editor's Note:



PPEPCA has provided a forum to all E&P companies mutually exchanging updates of sector across the country. This biannual newsletter is furnishing what these all companies are doing at their best, over & above, what they are obligated to in sphere of Corporate Social Responsibility (CSR). Country like Pakistan, having 128th position against HDI (Human Development Index), strives more what it is expected to, for struggling more & reaching to the destiny. In that scenario, contributions of E&P sector are worthwhile, especially when these expect sustainable business!
We at CSR Expert Committee, trying best to gather best practices & publishing through this newsletter. It goes without saying that we are expecting your critical feedback & suggestions for improving it more.
**Jamil Adil**, Leader Editorial Board

## Education for All

Pakistan Petroleum Limited has been playing a pivotal role in the spread of education, benefitting communities living in and around its operational areas. For this purpose PPL has established schools, developed infrastructures, funded educational initiatives as well as granted many educational scholarships to promote education in its operating areas. Through award of scholarships, PPL provides an avenue for talented yet less-resourceful students from its operational areas to have good quality education. Some of these scholarships schemes are as:

**1. Scholarships Scheme for Students of Baluchistan and Khyber Pukhtunkhwa under National Talent Hunt Program of Institute of Business Administration (IBA), Karachi.**
In order to provide opportunity to meritorious students from poor families and backward areas to pursue bachelor level education at IBA under its National Talent Hunt Program; PPL has recently agreed to provide sponsorship to six students, three each from Khyber Pakhtunkhwa and Baluchistan during current fiscal year. Currently, two students from KPK have qualified IBA requirement to avail this scholarship.



**2. Scholarships Scheme for Higher Professional Education for Students of District Dera Bugti**
In order to promote inter-provincial harmony as well as good quality education, more than 90 students of District Dera Bugti are benefitting from the scheme, out of which over 50 are still enrolled to pursue bachelor/master level education at HEC recognized institutions in province other than Baluchistan, with special consideration to females studying in Baluchistan.

**3. Scholarships Scheme for Higher Professional Education for Students of District Kashmore, Sanghar, Kamber Shahdadkot and Tehsil Gujjar Khan, District Rawalpindi**
The scheme was launched in 2011 for promoting education to the students living in areas where the Company operates. At present, 35 local students are availing scholarships to pursue bachelor/master level education at HEC recognized institutions across the country.

**4. Scholarships Scheme for 4 Year Education Plan (Grade IX to XII) for Students of Baluchistan**
Under the scheme the company has awarded 70 scholarships to students of Baluchistan to pursue grade IX to XII at reputed schools/cadet colleges across the country, including 24 scholars from District Dera Bugti.

**5. Scholarships Scheme for local students of Sui to study at Baluchistan Public School (BPS), Sui**
The scheme was initiated in 2009; benefitting 12 local students each year for a period of 6 years to pursue education from class VII to XII. At present total number of beneficiaries are 48. BPS, a prestigious boarding institution enable students to lead a disciplined life with no compromise on quality education.

**6. Scholarships Scheme for Students to Pursue Education at Lahore University of Management Science (LUMS) under National Outreach Program (NOP)**
The scheme commenced in 2009; under which PPL approved scholarship of 8 bright students (2 each year) from company's operational areas, preferably Baluchistan to pursue bachelor level education under its NOP program at LUMS. Currently, two students from Baluchistan have qualified and availing this scholarship.

# Sustainable Community Development Initiatives

eni Pakistan's presence in Khirthar concessions is of more than a decade now. The past decade of eni Pakistan has won a reputation of successful and acclaimed energy sector private company; a company that has produced positive influence on the lives of local communities and has contributed in shaping their sustainable future. Over this period, eni Pakistan has changed many lives positively, given hope to those who dared not to dream, and made the unbelievable realities for many dreamers. eni Pakistan has always aimed for a sustainable, long lasting & community owned initiatives for the local communities. Water is the basic need of these vulnerable communities and eni supported the community by providing water tanker facility. But since it was not a sustainable solution; eni Pakistan came up with a water sustainable supply project at village Hayat Khan Marri.

## A Water Supply Scheme – Changing Lives


**Sustainable Solution for Village Hayat Khan Marri:**

This water schemes is initiated in response to dire need of local community for water. The womenfolk had to walk for 6 miles round trip to fetch water for daily use. During this activity usually women used to take their toddlers and newly born along with them. It was not only a health hazard for the women but a big risk for their baby as well whom they tie-up along their west and then carry water containers on their head. This water supply scheme is providing water through water lining from 2 miles away where the bore and pump is installed. This has dramatically changed the lives of the women in the village who are now getting water at their door step. They have now more time to spend on their income generation activities and take care of their health.

**Story of Mrs Hayat Marri……**

Mrs. Hayat Marri, mother of 6 children used to fetch water, walking 6 miles round trip and it took almost 3 hours of her daily time. Such a long walk made her tired and chronically sick. This tiresome activity had destroyed her stamina gradually but she couldn't rest as she has to perform rest of the household chores. This continually weakened her and affected her health very badly. She said she can't escape from this activity even during pregnancy and post pregnancy. She showed her bald skull, which she says is due to carrying metal water container on her head which used to get very hot in summers and burns her skull's skin resulting in hair fall.

With this water scheme, her life is tremendously changed and she says now she is happy as her health is improving and she has more time for her children and house hold work. She says she feels very secure and satisfied and has well wishes for the company for supporting women development issues.



# Technical Training of Local Youth in partnership with the Hunar Foundation

Across UEP's concession blocks there is a lack of educational opportunities for local youth. At Post-Matriculation or Intermediate level, many young adults face an uncertain future, with little or no guidance towards possible career paths.

In order to enhance the employment prospects of local youth, UEP sponsored a one year technical & vocational training programme for 40 young people from the Badin & Mirpurkhas Khipro (MKK) concession blocks. This project, done in partnership with the Hunar Foundation, focuses on Mechanical and Electrical disciplines.

At the commencement of the programme ads were placed in local newspapers. Those who applied underwent a rigorous exam and interview process, supervised by the Hunar Foundation with only top scoring candidates selected.

The partner NGO for this programme, Hunar Foundation is committed to providing livelihood opportunities for youth through quality vocational training of international standards. The NGO has established a campus in Tando Allahyar district which awards certificates endorsed by the Trade Testing Board and City & Guilds (UK). The Hunar Foundation's training programmes test base line skills including proficiency in English language, basic workshop practices, HSE and entrepreneurship along with specific industry needs based vocational skills. Apart from professional training, education on work ethics is also included in the curriculum to ensure that those who train under this programme are not only highly skilled but also practice integrity. Graduates of the programmes are readily employable both locally and abroad.

Boarding and lodging for the candidates, selected for the UEP funded training programme, is provided by the Rashid Memorial Welfare Organization (RMWO). Rashidabad is located on the Hyderabad-Mirpurkhas road near Tando Allahyar. The project is spread over 100 acres of beautiful fertile land. It houses schools, residence units, healthcare facilities, a vocational training centre and recreational facilities. RMWO focuses on education, health, environment and socio-economic uplift.

UEP's interest in this project is two-fold. Firstly, to create a sustainable technical education programme for local youth to enhance their employment prospects. Secondly, to cater to UEP's operational demand for local, skilled workforce.

There are plans to provide internship opportunities for top graduates of the programme at UEP. This project highlights the company's commitment towards the youth from its concession communities. It is one of several Corporate Social Responsibility projects, funded by UEP, which aim to harness local talent by providing valuable technical training opportunities.



# Improving Maternal Health

The Millennium Development Goals (MDGs) were set at 2000 Millennium Summit on the platform of United Nations in order to accelerate global progress in development. The development goals are set so as to reduce extreme poverty and hunger, to achieve universal primary education, to reduce child mortalities and improving maternal health etc. MDG 5 was set with the aim of 'reducing maternal mortality ratio three quarters by 2015'. One of the vital indicator, set for gauging progress against MDG 5 was to 'increase the proportion of deliveries attended by skilled health personnel'.



Presence of skilled health personnel is a fundamental factor in reducing maternal and child mortality.

OMV being signatory of UN Global Compact, through its CSR program is trying to share its share of responsibility for achieving Millennium Development Goals (MDGs) 2015 for Pakistan. OMV's CSR interventions are aligned in the direction, so as to contribute in achievement of MDGs either directly or indirectly. For achieving the target 'to increase the proportion of deliveries attended by skilled health personnel' against MDG 5, OMV initiated its 'Technical Education Project' in year 2010. OMV under this Technical Education Project, sponsored female youth of the area for Midwifery course at Aga Khan Maternal & Child Care Centre, Hyderabad.

### Story of Zahida Mallah

In September 2010, Zahida along with other females of the area was approached by OMV female Community Development Officer and was offered to opt for entry test of Midwifery course at Aga Khan University. Along with other females, Zahida was also selected by reps. of Agha Khan University for 18 months Midwifery course. Upon deciding to pursue with the course, Zahida had to face a strong family pressure, as she has to leave her 5 year old son and 2 year old daughter behind. It was a difficult decision for Zahida, but her passion to serve the community and motivation provided by OMV's community officer, guided her to avail this opportunity. Zahida joined the course in January of 2011. Initially Zahida had to face difficulty with the English language but her strong commitment helped her. Besides her regular courses she took additional coaching from teachers to improve her English language skills.

**She has become a source of inspiration and a symbol of 'Women Empowerment' for others to follow.**

Upon completing her Midwifery course in September 2012, she returned back to her village. Not only her family but her whole village is happy upon her return and are proud of her achievement. She has become a source of inspiration and a symbol of 'Women Empowerment' for others to follow. Zahida is thankful to OMV for providing her with the opportunity, to equip her-self with the skills required to reduce maternal mortality in the area.

# Establishing as an Integral Part of the Society

The Corporate Social Responsibility (CSR) activities are carried out for the compliance with the law and Poverty Alleviation. It is the strong belief of our company that "Business cannot succeed in societies that fail", hence, poverty alleviation, is essential to reap the return from business investment. At the same time, the large numbers of poor represents a unique and hitherto unexplored opportunity for business. Our CSR Policy reiterates the notion that the development is not the exclusive responsibility of the government. Business too has a legitimate and responsible role to play. Very few activities/achievements of CSR are:

### OGDCL Bags another CSR Award at 5th CSR International Summit

The fifth CSR International Summit was held on 28th March 2013, at Marriot Hotel, Karachi. The event was organized by the National Forum for Environment & Health. held on 28th March 2013. During the summit a conference was held in which participants from different organizations and Philanthropists highlighted the role of CSR in uplift of deprived communities in Pakistan, emerging concepts and issues related to CSR in Pakistan. At the occasion CSR Gallery was also planned.

OGDCL was represented by Mr. Irfan Babar Khan, General Manager (CSR) and Mr Nasr Warraich, Deputy Chief (CSR). They showcased their exemplary CSR activities/initiatives undertaken for the welfare of communities. Achievements of OGDCL in Social Sector were also highlighted. OGDCL not only achieved 5th Excellence Award on the basis of remarkable performance in the area of CSR initiatives. The company was also bagged with two additional awards "the Best CSR Company Award (ranked No. 1) and Best Employment giving Company Award.

### Developed Effective relations with Community by taking Revolutionary Measures in Health Sector

OGDCL is utilizing all out resources for the uplift of health sector besides taking revolutionary measures in this regard. In addition to improvement of rural and basic health centers, the project of mobile dispensaries has also been launched for the provision of treatment facilities to the people of backward and far-flung areas. Solid measures are being taken for the uplift of health sector and special attention is being paid to the provision of modern treatment facilities in less-developed areas.

In order to improve medical services at Nashpa, OGDCL hired state-of-the-art Caravan for Social Welfare Dispensary and providing free of cost medicines amounting to Rs. 40,000/month. As, the situation regarding medical facilities in rural areas is pathetic. The company has deployed caravan at pre identified sites to provide basic health care services to the local community at Nashpa.

### Provision of Uniforms and copies

OGDCL provided Uniforms and books amounting to Rs.0.295 million to the students of Government Primary School Yousaf khoso, Union Council Tando Haider, district Hyderabad. In this way facilitated in developing safe and disciplined learning environment at school. School uniforms proved to be positive and creative way to reduce discipline problems and increased school safety and also enhanced the learning environment.

# Supporting Eco-Tourism and Environmental Protection

PremierOil In 2010, Premier initiated a long-term environmental project in the vicinity of our Islamabad office at Margallah Hills National Park. The park stretches along the northwest border of Islamabad and covers an area of approximately 174 square km. The project, which is a joint public-private partnership in collaboration with the Himalayan Wildlife Foundation (HWF) and the Capital Development Authority (CDA) focuses mainly on the remediation of environmental damage caused partly by the continued impacts of local communities. The project was formally inaugurated in January 2013 by Pakistan's Federal Minister for Information and Broadcasting.

Over the last three years the project has assisted in the delivery of additional eco-tourism facilities including a visitor information centre, number of hiking trails in the hills and valleys of the park, and the opening of a biking trail to the public. It has also enabled the improvement of local vegetation management practices, the removal of invasive species and valued M.Phil research into rare, threatened and endangered species. Findings from this research were presented at a seminar in December 2012 to senior representatives of the CDA, Premier, and HWF, as well as faculty and students from the Department of Wildlife Management, Pir Mehr Ali Shah Arid Agriculture University Rawalpindi. A number of protection measures, including a watch and ward system, have now also been implemented to safeguard endangered anteater and ungulate species. A detailed map of the park and its trails has been developed and is readily available from HWF and the project website. Based on the flora and fauna studies of the area sponsored by Premier, posters of the flowers and reptiles have been printed. The posters are distributed among students and journalists whose visits to the national park are arranged by the HWF.

**Annual academic and local charity support**

Premier continues to support the following organisations through regular contributions:

- Academic chair: Premier funds an academic chair in the Department of Petroleum and Gas Engineering at the University of Engineering and Technology in Lahore, a leading institution in the field
- Care for Special Persons: Premier provides monthly donations to the Care for Special Persons

Foundation (CSPF). CSPF is a local charity that provides education, training and psychotherapy to the mentally and physically handicapped of poor families. In 2012, we helped CSPF to replace a minivan used as part of the children's transportation fleet.

http://hwf.org.pk
http://www.cda.gov.pk
http://www.kalinjartrails.com



# POL's Pledge "Clean Water for All"

Basic needs of the rural people are met by POL by making the access to safe drinking water easy and less time consuming. People centering development is therefore to be implemented in order to ensure the provision of clean water suitable to human consumption. Several projects have been undertaken in this regard.

Between 1997 & 2012, POL has spent more than 8.5 million rupees on development of water supply schemes in different villages located around its Pariwali Field. These projects range from installation of turbine & motor pumps and construction of overhead water tanks to setting up a wide distribution network to supply clean drinking water to more than 6,500 households in several villages.

Such projects have also bought employment opportunities for the locals in the form of labor & operators. The community has participated well by taking ownership of these projects for maintenance & sustainability through village based water management committees.

In Pariwal field, inhabitant of Ahmadal Village were facing major problem of 'Safe Drinking Water Facility' as the available water supply structure were not enough to fulfill their basic need. In order to facilitate the local community of ahmedal village, POL management constructed underground water storage tank that estimated cost of Rs. 3.5 million which capacity is 150000 gallon, size (60'x30'). More than 17000 inhabitants of the local community are directly and indirectly enjoy this clean water facility. This project is inaugurated by POL in presence of respective notables of surrounding areas. This project is well appreciated by their respective community.

**"We have the ability to provide clean water for every individual in our country. What has been lacking is the collective will to accomplish this. What are we waiting for? This is the commitment we need to make to the nation, now."**

# PPEPCA Member Companies

The Attock Oil Company Ltd.

BHP Billiton Petroleum (Pakistan) Pty Ltd.

BP Pakistan Exploration & Production Inc.

Dewan Petroleum (Pvt) Ltd.

eni Pakistan Limited

Government Holdings (Private) Limited

KUFPEC Pakistan B.V.

Mari Petroleum Company Ltd.

MOL Pakistan Oil & Gas Company B.V.

New Horizon Exploration & Production Ltd.

Oil & Gas Development Company Ltd.

OMV (Pakistan) Exploration GmbH

پیپکا سیکریٹریٹ:
مکان نمبر 119-A، گلی نمبر 37، ایف ٹین ون، اسلام آباد، پاکستان
فون: 16-2015 211 51 92+ فیکس: 2108 211 51 92+
ای میل: www.ppepca.com,mail@ppepca.com

Design & Printed by: ENCORE, 0334-5095544

Ocean Pakistan Limited

Occidental Petroleum (Pakistan) Inc.

Petroleum Exploration (Pvt) Ltd.

Premier Oil Pakistan Holdings B.V.

Polish Oil & Gas Company (Pakistan Branch)

Pakistan Oilfields Ltd.

Pakistan Petroleum Ltd.

PPL-Europe E&P Limited

Saif Energy Limited

Tullow Pakistan (Developments) Ltd.

United Energy Pakistan Limited

Zaver Petroleum Corporation Ltd.

**PPEPCA Secretariat:**

House # 119-A, Street 37, F-10/1, Islamabad, Pakistan.
Tel: +92 51 211 2015-16, Fax: +92 51 211 2108
E-mail: mail@ppepca.com, www.ppepca.com

## ماحولیاتی سیاحت اور ماحولیاتی تحفظ

2010 میں پریمیئر نے مارگلہ کی پہاڑیوں میں نیشنل پارک میں اسلام آباد کے دفتر کے گردونواح میں ایک طویل المیعاد ماحولیاتی منصوبے کا اجرا کیا۔ یہ پارک اسلام آباد کے شمالی مغربی کنارے، اور اس کے گرد تقریباً 174 مربع کلومیٹر کے علاقے میں پھیلا ہوا ہے۔ یہ منصوبہ ہمالیہ وائلڈ لائف فاؤنڈیشن اور سی ڈی اے کے ساتھ عوامی نجی شراکت داری کی بنیاد پر شروع کیا گیا ہے جس کا مقصد اس ماحولیاتی نقصان کے ازالے کی کوشش کرنا ہے جو ایک حد تک مقامی لوگوں کی وجہ سے ہوا تھا۔ منصوبے کا باقاعدہ آغاز جنوری 2013 میں وفاقی وزیر برائے اطلاعات اور نشریات کے ہاتھوں سے ہوا۔

پچھلے تین سالوں میں منصوبے نے ماحولیاتی سیاحت کی اضافی سہولتیں فراہم کرنے میں تعاون کیا ہے جن میں سیاحوں کے لیے معلوماتی مرکز، پارک کی پہاڑیوں اور وادیوں میں ہائکنگ کے راستوں کی تعداد، اور عوام کے لیے سائیکلنگ کے راستے کا اجرا شامل ہے۔ اس سے علاقے میں نباتاتی زندگی میں بہتری، غیر موافق انواع کے خاتمے کے عمل میں تیزی، اور نایاب، خطرے سے دوچار اور ختم ہونے کے قریب انواع پر ایم فل کی سطح کی تحقیق بھی ہوئی ہے۔ اس تحقیق کے نتائج کو دسمبر 2012 میں ایک سیمینار میں سی ڈی اے، پریمیئر اور ہمالیہ وائلڈ فاؤنڈیشن کے سینئر افسران اور پیر مہر علی شاہ ایرڈ ایگریکلچر یونیورسٹی راولپنڈی کے وائلڈ لائف منیجمنٹ کے شعبے کے طلبا اور اساتذہ کے سامنے پیش کیا گیا۔ کئی ایک حفاظتی اقدامات جن میں نگرانی کا نظام بھی شامل ہے، اٹھائے گئے ہیں تاکہ خاتمے کے خطرے سے دوچار دودھ پلانے اور کھر والی انواع کے تحفظ کو ممکن بنایا جائے۔ پارک اور اس کے راستوں کا ایک تفصیلی نقشہ بھی تیار کیا گیا ہے اور یہ ہمالیہ وائلڈ لائف فاؤنڈیشن اور اس منصوبے کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ علاقے کی نباتات اور حیوانات پر پریمیئر کی مالی معاونت سے ہونے والی تحقیق کے نتیجے میں پھولوں اور دودھ دینے والے جانوروں کے پوسٹر شائع کیے گئے ہیں۔ یہ پوسٹر ان طلبا اور صحافیوں میں تقسیم کیے گئے ہیں جن کے نیشنل پارک میں دورے کا اہتمام ہمالیہ وائلڈ لائف فاؤنڈیشن نے کیا تھا۔

**سالانہ تعلیمی اور مقامی فلاح**

پریمیئر درج ذیل تنظیموں کی باقاعدہ مالی امداد جاری رکھے ہوئے ہے:

اکیڈمک چیئر: پریمیئر لاہور میں اپنے شعبے میں نمایاں ترین تعلیمی ادارے یونیورسٹی آف انجیئنر نگ اینڈ ٹیکنالوجی کے پٹرولیم اور گیس انجیئنر نگ کے شعبے میں اکیڈمک چیئر کے لیے مالی امداد فراہم کرتا ہے۔

خصوصی افراد کی دیکھ بھال: پریمیئر خصوصی افراد کی دیکھ بھال کے لیے ماہانہ عطیات فراہم کرتا ہے۔ سی ایس پی ایف مقامی خیراتی ادارہ ہے جو غریب گھرانوں کے ذہنی اور جسمانی طور پر معذور افراد کی تعلیم، تربیت اور نفسیاتی علاج کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ 2012 میں نے سی ایس پی ایف کی مدد کی گئی تاکہ وہ بچوں کی ٹرانسپورٹ کے لیے استعمال ہونے والی گاڑیوں میں ایک منی وین کو تبدیل کر لے۔

htt://hwf.org.pk

http://www.cda.gov.pk

http://www.kalinjartrails.com

## معاشرے کا ایک اہم حصہ بنانا

تجارتی سماجی ذمہ داری کی سرگرمیاں، ملکی قانون اور غربت کے خاتمے کے منصوبے کی مناسبت سے جاری ہیں۔ ہماری کمپنی کا یہ مضبوط عقیدہ ہے کہ 'ایسے معاشروں میں، جو ناکام ثابت ہوتے ہیں، کاروبار نہیں پنپ سکتا۔' اس لیے کاروباری سرمایہ کاری سے منافع حاصل کرنے کے لیے غربت میں تخفیف ضروری ہے۔ مزید یہ کہ غریبوں کی بڑی تعداد کی موجودگی کاروبار کے لیے ایک منفرد اور نادریافت شدہ موقع بھی ہے۔ ہماری تجارتی سماجی ذمہ داری کی پالیسی اس تصور کا اعادہ کرتی ہے کہ ترقی صرف حکومت کی ذمہ داری نہیں ہے۔ اس میں کاروباری حلقے کا بھی ایک جائز اور ذمہ دارانہ کردار ہے۔ تجارتی سماجی ذمہ داری کے تحت ہماری چند سرگرمیاں / کامیابیاں یوں ہیں:

**او جی ڈی سی ایل نے تجارتی سماجی ذمہ داری کا پانچواں بین الاقوامی سمٹ ایوارڈ حاصل کیا۔**

تجارتی سماجی ذمہ داری کا پانچواں بین الاقوامی سمٹ 28 مارچ 2013 کو میریٹ ہوٹل کراچی میں منعقد ہوا۔ اس تقریب کا انتظام قومی فورم برائے ماحولیات اور صحت نے کیا تھا۔ سمٹ کے دوران ایک کانفرنس بھی منعقد ہوئی جس میں مختلف تنظیموں کے نمائندوں اور مخیّر حضرات نے پاکستان میں پسماندہ طبقات کی فلاح کے لیے تجارتی سماجی ذمہ داری کے کردار کو اجاگر کیا، اور یہاں تجارتی سماجی ذمہ داری سے متعلق نئے تصورات اور مسائل پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر تجارتی سماجی ذمہ داری کی گیلری کی منصوبہ بندی بھی کی گئی۔ او جی ڈی سی ایل کی نمائندگی جنرل منیجر (تجارتی سماجی ذمہ داری) عرفان بابر خان اور ڈپٹی چیف (تجارتی سماجی ذمہ داری) نصر وڑائچ نے کی۔ انھوں نے مقامی آبادیوں کی فلاح کے لیے تجارتی سماجی ذمہ داری کے تحت کی جانے والی غیر معمولی سرگرمیوں کو وضاحت سے بیان کیا۔

او جی ڈی سی ایل نے نہ صرف علاقے میں تجارتی سماجی ذمہ داری سے متعلق منصوبوں کی غیر معمولی کارکردگی کی بنیاد پر پانچواں شاندار کارکردگی کا ایوارڈ حاصل کیا بلکہ دو مزید ایوارڈ بھی اس کے حصے میں آئے: 'تجارتی سماجی ذمہ داری کا بہترین کمپنی کا ایوارڈ (درجہ اول)، اور روزگار مہیا کرنے والی بہترین کمپنی کا ایوارڈ۔

**صحت کے شعبے میں انقلابی اقدامات کے ذریعے مقامی لوگوں کے ساتھ مؤثر روابط کی استواری**

او جی ڈی سی ایل صحت کے شعبے میں انقلابی اقدامات اٹھانے کے ساتھ اس شعبے کی مجموعی صورت حال کو بہتر بنانے کے لیے اپنے تمام وسائل کو بروئے کار لا رہی ہے۔ مزید یہ کہ دیہی اور بنیادی مراکز صحت کی بہتری کے ساتھ دور دراز کے پسماندہ علاقوں کے رہائشیوں کو علاج کی بہتر سہولتیں فراہم کرنے کے لیے گشتی ڈسپنسریوں کے منصوبے کا بھی اجرا کیا ہے۔ صحت کے شعبے کی بہتری کے لیے ٹھوس اقدامات کیے گئے ہیں اور کم ترقی یافتہ علاقوں میں علاج کی جدید سہولتوں کی فراہمی پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ نشپا میں طبی سہولتوں کی بہتری کے لیے او جی ڈی سی ایل نے جدید سامان سے آراستہ 'سماجی بہبود کی ڈسپنسری کا کاروان (Mobile) حاصل کیا ہے اور ہر مہینے چالیس ہزار روپے تک کی ادویات مفت فراہم کی جا رہی ہیں۔ دیہی علاقوں میں صحت کی سہولتوں کی صورت حال بہت مخدوش ہے۔ کمپنی نے پہلے سے متعین شدہ جگہوں پر اس کاروان کو مقرر کیا ہے تاکہ نشپا میں مقامی لوگوں کو صحت کی بنیادی سہولتیں فراہم ہوں۔

**یونیفارم اور کاپیوں کی فراہمی**

او جی ڈی سی ایل نے گورنمنٹ پرائمری اسکول، یوسف کھوسو، یونین کونسل ٹنڈو حیدر، ضلع حیدر آباد میں طلبا کو دو لاکھ پچانوے ہزار روپے مالیت کی کتابیں اور یونیفارم فراہم کیے ہیں۔ اس طورا سکول میں تدریس کا محفوظ اور منظّم ماحول پیدا کرنے میں مدد کی۔ ڈسپلن کے مسائل کو کم کرنے اور اسکول میں تحفظ کو بڑھانے اور تدریسی ماحول کو بہتر بنانے میں اسکول کے یونیفارم ایک مثبت اور تخلیقی طریقہ ثابت ہوئے ہیں۔

## زچہ کی صحت میں بہتری

ملینیم ترقیاتی اہداف اقوام متحدہ کے پلیٹ فارم پر ملینیم سمٹ 2000ء میں طے کئے گئے تھے تا کہ ترقی کی عالمی پیش رفت کو تیز کیا جائے۔ ترقیاتی اہداف کو طے کرنے کا مقصد شدید ترین غربت اور بھوک میں تخفیف، عالمی پرائمری تعلیم کا حصول، بچوں کی اموات میں کمی اور زچہ کی صحت میں بہتری وغیرہ تھی۔ ملینیم ترقیاتی ہدف نمبر 5 میں طے کیا گیا تھا کہ زچگی کے دوران ہونے والی اموات میں 2015ء تک تین چوتھائی کمی کی جائے گی۔ ملینیم ترقیاتی ہدف نمبر 5 کے بنیادی انڈیکیٹرز میں سے ایک یہ ہے کہ



تربیت یافتہ عملے کے ہاتھوں ہونے والی زچگیوں کے تناسب میں اضافہ کیا جائے ماں اور بچے کی اموات میں کمی کیلئے صحت کا تربیت یافتہ عملہ بنیادی عنصر کی حیثیت رکھتا ہے۔

او ایم وی چونکہ اقوام متحدہ کے گلوبل کمپیکٹ پر دستخط کرنے والوں میں شامل ہے اس لیے یہ تجارتی، سماجی ذمہ داری کے منصوبے کے ذریعے پاکستان میں ملینیم ترقیاتی اہداف 2015ء کے حصول کی ذمہ داری پوری کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ او ایم وی کے سماجی، تجارتی ذمہ داری کے منصوبوں کا مقصد بھی یہی ہے کہ براہ راست یا بالواسطہ ملینیم ترقیاتی اہداف کے حصول کی کوشش میں ہاتھ بٹایا جائے۔ ہدف نمبر 5 کے مطابق صحت کے تربیت یافتہ عملے کے ہاتھوں سرانجام ہونے والی زچگیوں کے تناسب میں اضافے کا مقصد حاصل کرنے کیلئے او ایم وی نے 2010ء میں تکنیکی تعلیم کا منصوبہ شروع کیا۔ اس منصوبے کے تحت علاقے کی نوجوان لڑکیوں کو آغا خان میٹرنل اینڈ چائلڈ کیئر سنٹر، حیدرآباد میں مڈوائفری کا کورس کرنے کیلئے مدد فراہم کی گئی۔

### زاہدہ ملاح کی کہانی

ستمبر 2010ء میں او ایم وی کی کمیونٹی ڈویلپمنٹ آفیسر نے علاقے کی دیگر خواتین کے ساتھ زاہدہ ملاح سے بھی رابطہ کیا اور انہیں آغا خان یونیورسٹی کے تحت مڈوائفری کورس میں داخلے کا ٹیسٹ دینے کی پیشکش کی۔ دوسری خواتین کے ساتھ زاہدہ ملاح کو بھی آغا خان یونیورسٹی کے نمائندوں نے اٹھارہ ماہ کے مڈوائفری کورس کیلئے منتخب کر لیا۔ کورس میں داخلہ لینے کا فیصلہ کرنے کے بعد زاہدہ ملاح کو اپنے خاندان کی طرف سے شدید مخالفت کا سامنا کرنا پڑا اور اسے اپنا پانچ سالہ بیٹا اور دو سالہ بیٹی وہاں چھوڑنی پڑی۔

زاہدہ کیلئے یہ ایک مشکل فیصلہ تھا لیکن لوگوں کی فلاح کیلئے کام کرنے کا جذبہ اور او ایم وی کے آفیسر کی تحریک نے اس موقع کو استعمال کرنے میں اس کی رہنمائی کی اور زاہدہ نے جنوری 2011ء میں کورس میں داخلہ لے لیا شروع میں اسے انگریزی زبان کی وجہ سے دشواری کا سامنا ہوا لیکن اس کے مضبوط عزم نے اس کی مدد کی۔ اپنی تکنیکی تعلیم کے ساتھ اس نے انگریزی زبان میں اپنی مہارت میں اضافے کیلئے اساتذہ سے اضافی تربیت بھی حاصل کی۔

ستمبر 2012 میں مڈوائفری کا کورس مکمل کرنے پر وہ اپنے گاؤں واپس گئی۔ نہ صرف اس کا خاندان بلکہ سارا گاؤں اس کی واپسی پر خوش اور اس کی کامیابی پر فخر مند ہے۔ وہ دوسروں کے لیے ایک متاثر کن مثال اور عورتوں کی خودمختاری کا ایک استعارہ بن گئی ہے۔ زاہدہ او ایم وی کی شکرگزار ہے کہ اس نے اسے یہ موقع فراہم کیا، اور علاقے میں زچگی کے دوران ہونے والی ہلاکتوں میں کمی کے لیے مطلوبہ مہارتوں میں طاق کیا۔

## پول کا عہد 'صاف پانی سب کے لیۓ

پی او ایل پینے کے محفوظ پانی تک آسان اور فوری رسائی کو ممکن بنا کر پورا کر رہا ہے۔ تاکہ لوگوں کی بنیادی ضرورویات کو پورا کیا جاسکے۔ لوگوں کے لیے اس ترقی کو ممکن بنایا جا رہا ہے تاکہ انسانی استعمال کے لیے صاف پانی فراہم کیا جائے۔ اس حوالے سے متعدد منصوبے زیر تکمیل ہیں۔

1997 سے 2012 کے دوران پی او ایل نے 'پری والی' اپنے آپریشن کے علاقے میں مختلف دیہاتوں میں پانی کی فراہمی کی اسکیموں پر پچاسی لاکھ سے زائد روپے خرچ کیے۔ ان منصوبوں میں مختلف دیہاتوں میں چھ ہزار پانچ سو سے زائد گھروں کے لیے ٹربائن اور موٹر پمپس کی تنصیب اور پانی کے اوور ہیڈ ٹینکوں کی تعمیر سے لے کر صاف پانی کی فراہمی کے لیے ایک وسیع تر نیٹ ورک قائم کیا ہے۔

ایسے منصوبوں نے مزدوروں اور آپریٹروں کی صورت میں مقامی لوگوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کیے ہیں۔ گاؤں والوں پر مشتمل پانی کے انتظام کار کی کمیٹیوں کی صورت میں مقامی لوگوں نے ان منصوبوں کی دیکھ ریکھ اور پائیداری کے لیے جوش و جذبے سے ان کی ملکیت میں شمولیت اختیار کی ہے۔

''پری والی'' کے علاقے میں احمدل گاؤں کے رہائشی پینے کے محفوظ پانی کی سہولت کے فقدان کا شکار ہیں کیوں کہ پانی کی فراہمی کا موجودہ انتظام ان کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ناکافی ہے۔ احمدل گاؤں کے باسیوں کی مدد کے لیے پی او ایل کی انتظامیہ نے پانی ذخیرہ کرنے کا زیرزمین ٹینک تعمیر کیا جس پر پینتیس لاکھ روپے خرچ ہوئے اور جس کا حجم 60×30 ہے اور اس میں ایک لاکھ پچاس ہزار گیلن پانی ذخیرہ ہوسکتا ہے۔ مقامی آبادی کے سترہ ہزار سے زائد رہائشی براہ راست اور بالواسطہ طور پر پانی کی اس سہولت سے مستفید ہو رہے ہیں۔ پول نے اس منصوبے کا اجرا گردونواح کے معززین کی موجودگی میں کیا۔ مقامی لوگوں نے اس منصوبے کو بہت سراہا۔

**ہم میں یہ اہلیت ہے کہ ہم ملک میں ہر شہری کو صاف پانی فراہم کر سکتے ہیں۔ جس شے کی کمی ہے، وہ اسے کرنے کا اجتماعی ارادہ ہے۔ ہمیں آخر کس شے کا انتظار ہے؟ یہ وہ عہد ہے جسے ہمیں اب قوم سے کرنے کی ضرورت ہے۔**

## کمیونٹی کے پائیدار ترقی کے منصوبے

کھیرتھر کے علاقے میں ای این آئی پاکستان کی موجودگی کو اب ایک دہائی سے بھی زیادہ ہونے کو آیا ہے۔ ای این آئی پاکستان نے پچھلی دہائی کے دوران توانائی کے شعبے میں ایک کامیاب اور مستند نجی کمپنی کی ساکھ حاصل کی ہے۔ اس کے ساتھ ہی اس نے مقامی آبادی کی زندگی پر مثبت اثرات پیدا کیے ہیں اور ان کے پائیدار مستقبل کو شکل دینے میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔ اس دوران میں ای این آئی پاکستان نے بہت سی زندگیوں میں مثبت تبدیلیاں پیدا کی ہیں جس سے ان لوگوں میں امید پیدا ہوئی ہے جن میں خواب دیکھنے کی بھی جرات نہیں تھی اور بہت سے خواب دیکھنے والوں کے لیے ناممکن کو حقیقت کا روپ دیا ہے۔ ای این آئی پاکستان کا مقصد مقامی آبادی کے لیے ہمیشہ ایک پائیدار، دیرپا اور عام لوگوں پر مبنی منصوبوں کا اجرا ہے ۔ ان پسماندہ آبادیوں کے لیے پانی ایک بنیادی ضرورت ہے اور ای این آئی نے لوگوں کو پانی کے ٹینکر کی سہولت فراہم کر کے ان کی مدد کی ہے۔ لیکن چوں کہ یہ ایک پائیدار حل نہیں ہے۔ ای این آئی پاکستان نے حیات خان مری گاؤں میں پانی کی پائیدار فراہمی کا منصوبہ شروع کیا ہے۔

## پانی کی فراہمی کا مستحکم منصوبہ۔۔۔

### حیات خان مری گاؤں کے لیے پائیدار حل

مقامی لوگوں کی پانی کی شدید ضرورت کے پیش نظر پانی کے منصوبے کا اجرا کیا گیا۔ مقامی عورتوں کو روزمرہ استعمال کا پانی لانے کے لیے چھ میل تک پیدل چلنا پڑتا تھا۔ اس دوران میں عورتوں کو اپنے بڑے اور نومولود بچوں کو بھی اپنے ساتھ لے جانا پڑتا تھا۔ نہ صرف یہ عورتوں کی صحت کے لیے مضر تھا بلکہ ان کے بچوں کے لیے بھی نقصان دہ تھا جو ان کے کمر کے ساتھ بندھے ہوتے تھے اور ان کی موجودگی میں وہ پانی کے برتن سر پر اٹھاتی تھیں۔

پانی کی فراہمی کی اسکیم بورنگ اور پمپ سے دو میل کے فاصلے تک پائپ کے ذریعے پانی فراہم کر رہی ہے۔ اس سے گاؤں کی عورتوں کی زندگیوں میں ڈرامائی تبدیلیاں پیدا ہوئی ہیں جو اب اپنے گھر کی دہلیز پر پانی حاصل کر لیتی ہیں۔ اب ان کے پاس اپنی آمدنی بڑھانے کی سرگرمیوں اور اپنی صحت کی دیکھ بھال پر صرف کرنے کے لیے زیادہ وقت ہے۔

### حیات مری کی کہانی

چھ بچوں کی ماں حیات مری چھ میل کا سفر طے کر کے پانی لایا کرتی تھی اور اس کام میں اسے روزانہ تقریباً تین گھنٹے لگتے تھے۔ اتنی لمبی مسافت سے وہ تھک جاتی اور ہمیشہ بیمار رہتی۔ اس تھکا دینے والی سرگرمی نے بتدریج اس کی قوت برداشت کو تباہ کر دیا۔ اسے گھر کے دیگر کام کاج کے لیے آرام کرنے کا وقت نہیں ملتا تھا۔ اس سے وہ مسلسل کمزور ہوئی اور اس کی صحت پر برے اثرات مرتب ہوئے۔ وہ کہتی ہے کہ اس کام سے بچنے کا حتی کہ حمل کے دوران اور اس کے بعد بھی کوئی راستہ نہیں ہوتا تھا۔ اس نے اپنے سر کی بری ساخت دکھائی جو اس کے مطابق پانی کے دھاتی برتن سر پر اٹھانے کی وجہ سے تھی جو گرمیوں میں بہت گرم ہو جایا کرتے تھے اور اس کے سر کی جلد کو جلا ڈالتے جس سے اس کے بال گرنا شروع ہوئے۔ پانی کی اسکیم سے اس کی زندگی میں غیر معمولی تبدیلی آئی اور وہ کہتی ہے کہ وہ اب خوش ہے کیوں کہ اس کی صحت بہتر ہو رہی ہے اور اس کے پاس اپنے بچوں اور گھر کے دوسرے کاموں کے لیے زیادہ وقت بچتا ہے۔ وہ کہتی ہے کہ وہ خود کو بہت محفوظ اور آرام دہ محسوس کرتی ہے اور عورتوں کی ترقی میں مدد کرنے پر وہ کمپنی کے لیے نیک خواہشات رکھتی ہے۔

## ہنر فاؤنڈیشن کے تعاون سے

یو ای پی کے علاقے میں مقامی نوجوانوں کے لیے تعلیم کے مواقع کی کمی ہے۔ میٹرک کے بعد یا انٹر کی سطح پر نوجوانوں کی بڑی تعداد ایک غیر یقینی مستقبل سے دوچار ہوتی ہے جس میں انھیں مستقبل کے کیریئر سے متعلق بہت کم رہنمائی یا سرے سے کوئی رہنمائی حاصل نہیں ہوتی۔

مقامی نوجوانوں کے روزگار کے مواقع میں اضافے کرنے کی غرض سے یو ای پی نے بدین اور میر پور خاص، کھپرو کے آپریشنز کے علاقوں سے چالیس نوجوانوں کے لیے ایک سال کے تیکنیکی اور پیشہ وارانہ تربیتی کورس کے لیے مالی معاونت فراہم کی۔ یہ منصوبہ ہنر فاؤنڈیشن کی شراکت میں شروع کیا گیا جس کا ہد فمکینکل اور الیکٹریکل شعبے تھے۔

اس منصوبے کے آغاز پر مقامی اخباروں میں اشتہارات شائع کرائے گئے۔ جنھوں نے درخواستیں جمع کرائیں انھیں ہنر فاؤنڈیشن کی زیر نگرانی کڑے امتحان اور انٹرویو کے عمل سے گزرنا پڑا اور صرف سب سے زیادہ نمبر حاصل کرنے والے امیدواروں کو منتخب کیا گیا۔

اس منصوبے کی شراکت دار این جی او ہنر فاؤنڈیشن کا عزم ہے کہ وہ نوجوانوں کو بین الاقوامی معیار کی اعلی پیشہ وارانہ تربیت فراہم کر کے ان کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرے گی۔ این جی او نے ضلع ٹنڈو الہ یار میں ایک کیمپس بھی قائم کیا جو ٹریڈ ٹیسٹنگ بورڈ اور سٹی اینڈ گلڈز (یوکے) کے منظور شدہ سرٹیفکیٹس بھی طلبا کو دیتا ہے۔ ہنر فاؤنڈیشن کے تربیتی منصوبے بنیادی مہارتیں فراہم کرتے ہیں جن میں انگریزی زبان کی مہارت، ورکشاپ کی بنیادی مہارتیں، ایچ ایس ای اور تنظیم کاری سمیت صنعت کی ضرورت کے مطابق پیشہ وارانہ مہارتیں شامل ہیں۔ پیشہ ور تربیت کے علاوہ نصاب میں کام کی اخلاقیات کی تعلیم بھی شامل ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ جو لوگ اس منصوبے کے تحت تربیت حاصل کریں، وہ نہ صرف اعلی مہارت حاصل کریں بلکہ پیشے کی عظمت کو بھی برقرار رکھیں۔ ان منصوبوں کے تحت تربیت یافتہ افراد مقامی اور بین الاقوامی اداروں میں نوکری کے اہل ہوتے ہیں۔

یو ای پی کی مالی معاونت سے کام کرنے والے تربیتی منصوبوں کے امیدواروں کے قیام و طعام کا انتظام راشد میموریل ویلفیئر آرگنائزیشن کرتی ہے۔ راشد آباد، ٹنڈو الہ یار کے نزدیک حیدر آباد میر پور خاص روڈ پر واقع ہے۔ یہ منصوبہ ایک سوا ایکڑ کی زرخیز زمین پر پھیلا ہوا ہے۔ اس میں اسکول، رہائشی علاقے، صحت عامہ کی سہولتیں، پیشہ وارانہ تربیت کا مرکز، اور تفریحی سہولتیں شامل ہیں۔ راشد میموریل ویلفیئر آرگنائزیشن تعلیم، صحت، ماحولیات اور سماجی و معاشی بہبود پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔ اس منصوبے میں یو ای پی کی دلچسپی دو طرفہ ہے۔ سب سے پہلے تو مقامی نوجوانوں کے لیے ایک پائیدار تیکنیکی تعلیمی منصوبہ تیار کرنا ہے تاکہ ان کے لیے روزگار کے مواقع میں اضافہ کیا جائے۔ دوسرے یو ای پی کے آپریشن کی ضرورتوں کے مطابق مقامی ہنر مند لوگ تیار کرنا ہیں۔ یہ منصوبہ بھی ہے ۔کہ یو ای پی کے تربیتی منصوبوں میں اعزاز حاصل کرنے والے نوجوانوں کو انٹرن شپ کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ یہ منصوبہ کمپنی کی سرگرمیوں کے علاقوں کے نوجوانوں کے ساتھ کمپنی کے عزم کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ تجارتی سماجی ذمہ داری کے متعدد منصوبوں میں سے ایک ہے جن کے لیے یو ای پی مالی امداد فراہم کر رہا ہے جس کا مقصد مقامی نوجوانوں کو تیکنیکی تربیت کے مواقع فراہم کر کے ان کے ٹیلنٹ کو ابھارنا ہے۔



## پیش لفظ



پاکستان پٹرولیم ایکسپلوریشن اینڈ پروڈکشن کمپنیز ایسوسی ایشن، پاکستان میں تیل اور گیس کی دریافت اور پیداوار کا کام کرنے والی چوبیس اہم کمپنیوں کا نمائندہ ادارہ ہے۔ یہ تیل اور گیس کی دریافت اور پیداوار سے وابستہ کمپنیوں کے صنعتی معاملات، بشمول کمیونٹی کی ترقی، تجربات کی بانٹ اور مستقبل کے لائحہ عمل کی تیاری پر ان کی رائے کے اظہار میں مدد دیتا ہے۔ یہ ان کمپنیوں کی وفاقی اور صوبائی سطحوں پر بھی نمائندگی کرتا ہے اور قومی اور کاروباری مفادات میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے کام کرتا ہے تا کہ ملک بھر میں گیس اور تیل کی دریافت اور پیداوار کی سرگرمیوں کے لیے موافق ماحول یقینی بنایا جا سکے۔ اگر چہ تیل اور گیس کی دریافت اور پیداوار کی صنعت کلی طور پر ٹیکنالوجی پر مبنی ہے اور زیادہ تر ارضیاتی سروے، اور دریافت اور ترقی کے لیے کنوؤں کی کھدائی میں مصروف رہتی ہے لیکن جس علاقے میں یہ کام کرتی ہے، اس کے لوگوں کو کبھی نظر انداز نہیں کرتی۔ ان کمپنیوں کی مقامی آبادی کی فلاح کی کوششیں معیاری تعلیم، صحت کی سہولتوں اور مہارتوں اور انفراسٹرکچر کی ترقی پر مرکوز ہوتی ہیں۔ یہ سرگرمیاں مقامی معززین اور انتظامیہ سے اتفاق رائے کے بعد کی جاتی ہیں۔ اس سے مقامی لوگوں میں ان منصوبوں کو قبول کرنے کا رجحان بڑھتا ہے جو ان کی طویل المیعاد پائیداری کے لیے کام کرتے ہیں۔

میں اس بات کا خصوصی ذکر کرنا چاہوں گا کہ دریافت اور ترقی کی سرگرمیوں کے پانچ سے سات سال کے عرصے کے بعد کہیں ان علاقوں سے تیل اور گیس کی پیداوار کی صورت میں منافع حاصل ہونا شروع ہوتا ہے، جہاں کمپنیاں سرمایہ کاری کرتی ہیں۔ یہ سرمایہ کاری عام طور پر اربوں روپے کی مالیت کی ہوتی ہے اور اگر تجارتی بنیادوں پر تیل اور گیس کی دریافت نہ ہو سکے تو یہ ضائع چلی جاتی ہے۔ اس شعبے کی نوعیت اسی طرح کی ہے اور تیل اور گیس کی دریافت اور پیداوار کی کمپنیوں کو ضرورت ہوتی ہے کہ تمام اسٹیک ہولڈر اس حوالے سے بات کو سمجھیں۔ 'سی ایس آر نیوز لیٹر' سے ان کمپنیوں کی عوامی فلاح کے لیے اخلاص مندی کا اظہار ہوتا ہے۔ گیس اور تیل کی دریافت اور پیداوار کی کمپنیاں پاکستان کے توانائی کے بحران کو کم کر کے اور اپنے آپریشن کے علاقوں میں لوگوں کی براہ راست ضرورتوں کو پورا کر کے پاکستان کی ترقی کے لیے کوششیں جاری رکھے گی۔

راجہ عرفان نصر، صدر، پیکا سی ڈی کمیٹی

## مدیر کا نوٹ



پیپیکا باہمی تبادلے کے لئے تمام ای اینڈ پی کمپنیوں کو ملک بھر میں شعبے کے اپ ڈیٹ کے لئے ایک فورم فراہم کر رہا ہے ششماہی نیوز لیٹر ان تمام کمپنیوں کی سماجی ذمہ داری کے شعبے میں بہترین کارکردگی جن کی وہ پابند ہیں کے بارے میں آگاہی فراہم کرتا ہے۔ پاکستان جیسا ملک جو کہ HDI (ہیومین ڈویلپمنٹ انڈیکس) میں 128 پوزیشن پر ہے یہ توقع کی جاتی ہے، کہ اس کی بہتری کے لئے مزید جدوجہد اور زیادہ کوششیں کی جائے۔ اس سلسلے میں ای اینڈ پی کمپنیز کی شراکت قابل قدر ہیں خصوصاً جبکہ ان سے پائیدار کاروبار کی توقع کی جاتی ہے۔ ہم سی ایس آر ماہرین کی کمیٹی، اس نیوز لیٹر کی اشاعت کے ذریعے سے بہترین عملی طریقوں کو جمع کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس کو مزید بہتر بنانے کے لئے آپ کی آرا اور تجاویز کی توقع رکھتے ہیں۔

جمیل عادل لیڈر ایڈیٹوریل بورڈ

## تعلیم سب کے لئے

پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ اپنے آپریشن کے علاقوں کے اندر اور ان کے گردونواح میں لوگوں کی بہتری کے لیے تعلیم کے پھیلاؤ میں بنیادی کردار ادا کر رہی ہے۔ اس مقصد کے لیے پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ نے اپنے آپریشن کے علاقوں میں تعلیم کے فروغ کے لیے اسکول تعمیر کیے، انفراسٹرکچر تیار کیے، تعلیمی منصوبوں کے لیے مالی امداد فراہم کی اور متعدد تعلیمی وظائف مہیا کیے۔ اپنے آپریشن کے علاقوں میں اسکالرشپ مہیا کر کے پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ قابل مگر پسماندہ طلبا کے لیے آگے بڑھنے کے راستے فراہم کر رہی ہے تا کہ انھیں بہتر معیار تعلیم دستیاب ہو۔ ان اسکالرشپ اسکیموں میں سے چند ایک یوں ہیں:

**انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن کراچی کے نیشنل ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تحت بلوچستان اور خیبر پختونخواہ کے طلبا کے لیے سکالرشپ اسکیم**

غریب گھرانوں اور پسماندہ علاقوں کے اہل طلبا کو یہ موقع فراہم کرنے کے لیے کہ وہ نیشنل ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تحت انسٹی ٹیوٹ آف بزنس انڈمنسٹریشن کراچی میں گریجوایشن کی سطح کی تعلیم حاصل کریں، پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ نے حال ہی میں چھ طلبا کو اسکالرشپ دینے پر اتفاق کیا ہے جن میں سے خیبر پختونخواہ اور بلوچستان سے موجودہ مالی سال کے دوران تین تین طلبا منتخب کیے جائیں گے۔ اس وقت خیبر پختونخواہ سے دو طلبا اس اسکالرشپ کو حاصل کرنے کیلئے کے انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن کے معیار پر پورا اترے ہیں

**ضلع ڈیرا بگٹی کے طلبا کے لیے اعلی پیشہ وارانہ تعلیم کے لیے اسکالرشپ کی اسکیم**

صوبوں میں ہم آہنگی اور اعلی معیار کی تعلیم کو فروغ دینے کے لیے ضلع ڈیرا بگٹی کے نوے سے زائد طلبا اس اسکیم سے استفادہ کر رہے ہیں جن میں سے پچاس سے زائد طلبا ابھی تک بلوچستان کے علاوہ دیگر صوبوں میں ایچ ای سی سے منظور شدہ اداروں میں بی اے اور ایم اے کی سطح کی اعلی تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ جب کہ خصوصی توجہ بلوچستان میں زیر تعلیم خواتین پر ہے۔

**ضلع کشمور، سانگھڑ، شہداد، کیمبر اور تحصیل گجر خان، ضلع راولپنڈی کے طلباء کے لئے اعلی پیشہ ورانہ تعلیم کے لئے اسکالرشپ اسکیم**

کمپنی کے آپریشن کے علاقوں میں اس اسکیم کو طالب علموں کی تعلیم کو فروغ دینے کے لئے 201ء میں شروع کیا گیا تھا۔ موجودہ وقت میں 35 مقامی طالب علم ملک بھر کے ایچ ای سی کے تسلیم شدہ اداروں میں بیچلر /ماسٹر کی سطح پر تعلیم حاصل کرنے کے لئے اسکالرشپ حاصل کر رہے ہیں

**بلوچستان کے طلبا کے لیے چار سالہ تعلیمی منصوبے (نویں جماعت سے بارھویں جماعت) کے لیے اسکالرشپ اسکیم**

اس اسکیم کے تحت کمپنی نے 70 اسکالرشپس دیے ہیں تا کہ بلوچستان کے طلبا ملک بھر میں معتبر اسکول یا کیڈٹ کالجوں میں نویں سے بارہویں جماعت تک تعلیم حاصل کر سکیں۔ ان میں 24 طلبا کا تعلق ضلع ڈیرا بگٹی سے ہے۔

**سوئی کے مقامی طلبا کے لیے اسکالرشپ اسکیم، تا کہ وہ بلوچستان پبلک اسکول سوئی میں تعلیم حاصل کر سکیں:** اس اسکیم کا اجرا 2009 میں ہوا۔ اس سے ہر سال بارہ مقامی طلبا آئندہ چھ سال کے عرصے کے لیے مستفید ہوتے ہیں تا کہ ساتویں سے بارھویں جماعت تک تعلیم حاصل کر سکیں۔ اس وقت اس اسکیم سے فائدہ اٹھانے والوں کی تعداد 48 ہے۔ بلوچستان پبلک اسکول ایک معتبر بورڈنگ انسٹی ٹیوشن ہے جو معیار تعلیم پر کوئی سمجھوتہ کیے بغیر طلبا کو ایک منظم زندگی گزارنے کے قابل بناتا ہے۔

**نیشنل آؤٹ ریچ پروگرام کے تحت لاہور یونیورسٹی آف منیجمنٹ سائنسز کے طلبا کے لیے اسکالرشپ اسکیم**


اسکیم کا آغاز 2009 میں ہوا۔ اس کے تحت پاکستان پٹرولیم لمیٹڈ نے اپنے آپریشن کے علاقوں سے بالخصوص بلوچستان سے ہر سال دو طلبا کے حساب سے کل آٹھ ہونہار طلبا کو سکالرشپ دیا تا کہ (LUMS) میں نیشنل آؤٹ ریچ پروگرام کے تحت گریجوایشن کی سطح کی تعلیم حاصل کر سکیں۔ اس وقت بلوچستان سے دو طلبا نے اس اسکالرشپ کے لیے مقابلہ جیتا ہے اور اس سے مستفید ہو رہے ہیں۔

PPEPCA

پاکستان پیٹرولیم ایکسپلوریشن اینڈ پروڈکشن کمپنیز ایسوسی ایشن

شمارہ نمبر ۱۲، ۲۰۱۳







# سی ایس آر نیوز



جنوری تا جون، ۲۰۱۳

سی ایس آر نیوز لیٹر پیپکا کی اشاعت ہے

## اندرونی صفحات پر

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
|  |  |  |  |  |  |  | PPEPCA |
| پی او ایل کا عہد 'صاف پانی سب کے لیے' | ماحولیاتی سیاحت اور ماحولیاتی تحفظ کی حمایت | کمیونٹی کے پائیدار ترقی کے منصوبے | زچہ کی صحت میں بہتری | ہنر فاؤنڈیشن کے تعاون سے مقامی نوجوانوں کی تیکنیکی تربیت | معاشرے کا ضروری حصہ | "تعلیم سب کے لیے" تعلیم پھیلانے میں اہم کردار کریں | پیش لفظ مدیر کا نوٹ |

ایڈیٹوریل بورڈ: لیڈر: جمیل عادل، او ایم وی میمبر: کرنل (ریٹائرڈ) شجاعت گھمن ، پی ای ایل